# سہ ماہی کی بڑی سرخیاں


## اسکوپ

پاکستان میں سب سے پہلے
اسلامی ڈیجیٹل بینکنگ کا آغاز

aik
BankIslami

## خواتین

کے دن کا شاندار جشن




## بینک اسلامی

لیڈرشپ سمٹ میں
اپنے وژن کا تعین

ALIGN. STRATEGIZE. ACHIEVE.

لیڈرشپ سمٹ میں

CHAMPIONS LEAGUE

چیمپئنز لیگ کا آغاز

# بینک اسلامی کے پہلے نیوز لیٹر ایڈیشن میں خوش آمدید!

ہم آپ کے ساتھ کچھ اہم اور تازہ ترین معلومات (اپڈیٹس) شیئر کرتے ہوئے انتہائی خوشی محسوس کر رہے ہیں۔ ہمارے اس ایڈیشن میں شامل ہیں، ہمارے جدید ڈیجیٹل بینکنگ پلیٹ فارم AIK کا آغاز اور بینک اسلامی چیمپئنز لیگ کی شروعات۔

ہم بینک اسلامی کی خواتین کی کامیابیوں کے جشن کے ساتھ، کارکردگی جانچنے کے نتائج بھی شیئر کر رہے ہیں، اور" کھوج بزنس سمٹ" کی جھلکیاں بھی پیش کر رہے ہیں، جہاں ہم نے اپنے کاروبار کو وسعت دینے میں اہم پیش رفت کی۔

ہمارے اس پورے سفر میں آپ کے تعاون کا بہت شکریہ
ہم امید رکھتے ہیں کہ آپ اس ایڈیشن کو پڑھ کر یقیناً لطف اندوز ہوں گے!

## ایڈیٹر کا نوٹ

یہ نیوز لیٹر ہماری مشترکہ محنت اور کوششوں سے حاصل کردہ ترقی اور کامیابیوں کی عکاسی کرتا ہے۔ ہمارے اس سفر کا اہم حصہ بننے کے لیے آپ کا شکریہ۔ ہم آپ کے ساتھ مل کر مستقبل میں مزید بڑے سنگِ میل حاصل کرنے پر یقین رکھتے ہیں۔ اس ایڈیشن کا مطالعہ کریں اور لطف اندوز ہوں!

ہمیں امید ہے کہ آپ کو یہ ایڈیشن پسند آئے گا اور آپ اگلی سہ ماہی کو بھی کامیاب بنانے کے لیے اسی جوش و جذبے کے ساتھ آگے بڑھیں گے۔ اپنی آراء یا تعاون ہمارے ساتھ اس ای میل پر شیئر کریں:
marketing@bipl.io.



**سمیط جیوانی**
برانڈ مینیجر
بینک اسلامی

اسکوپ

# فہرست

## لانچز


- پاکستان میں سب سے پہلے اسلامی ڈیجیٹل بینکنگ کا آغاز
- بینک اسلامی چیمپئنز لیگ ۔ آغاز ایک نئے مقابلے کا
- نئی موبائل ایپ
- GEN Z واٹس ایپ اکاؤنٹ اوپننگ
- CCDM کے ذریعے چیک کیش کروانا


## شمولیت اور اثرات


- مکمل طور پر خواتین کے زیرِ انتظام پہلی برانچ کا آغاز
- خواتین کے عالمی دن پر شمولیت کا جشن
- ہر قدم اور ڈی ای آئی کی کاوشیں
- کنیکٹ ھیئر کے ساتھ پنکتوبر
- صنفی حساسیت ٹریننگ تعاون ADB-WFX
- سنو پاکستان کی آواز مالی خواندگی کو مستحکم کرنے کے لئے بصیرت
- فلاحی فنڈ میں شراکت
- مالیاتی آگاہی کی پاکستان بھر تک رسائی
- اسلامک بینکنگ آگاہی اجلاس


## ثقافت اور تعلقات



- کھوج ریزورٹ پر قیادتی سمٹ
- کھیل اور بینکنگ ساتھ ساتھ ۔ پاکستان میں کرکٹ کی تھیم پر پہلی برانچ
- انعامات اور اعترافات
- تعلیم و تربیت
- خواتین عملے کے ساتھ CEO کا مکالمہ
- ملازمتوں کے سنگِ میل
- ترقیاں اور اعزازات













## کاروبار اور جدت


- iMAL R14 کور بینکنگ اپ گریڈ
- ہول سیل اور انویسٹمنٹ بینکنگ - ترقی، جدت اور خدمات کی فراہمی
- ترقی میں اضافہ مقصد کے ساتھ ۔ پہلی سہ ماہی میں تجارتی خدمات کی جھلکیاں
- کھوج کنونشن ویلتھ مینجمنٹ سنگِ میل
- CA ڈپازٹ مہم-2025 کی پہلی سہ ماہی
- کارڈ پروسیسنگ میں زبردست ترقی
- ریکارڈ اے ٹی ایم ٹرانزیکشنز اور عید پر بلا تعطل خدمات
- ڈیسیبل لانچ
- SWAPS پائلٹ لانچ
- EFU ویلتھ مینجمنٹ پروڈکٹ لانچز
- RAAST OTC خدمات کا آغاز
- گوگل ورک اسپیس مائیگریشن
- اسلامک سیکیورڈ پرسنل فنانس


## مارکیٹنگ میں نئے اقدامات


- بینک اسلامی فیملی 10 لاکھ سے زائد فالوئر
- چیمپئنز ٹرافی مہم اور اسٹارٹ اپ پاکستان
- شمولیت مہم 2.O


اسکوپ

# اسکوپ

## لانچز


aik
BankIslami
Pakistan's First
Islamic Digital
Banking Experience
We have achieved a historic milestone with the launch of v, Pakistan's first Islamic digital banking experience. aik, meaning "oneness" in Urdu, blends the values of Shariah with the ease of modern technology. Offering online account opening, payments, transfers, and much more, this fully digital solution empowers Gen Z, professionals, and families alike. Designed to be Riba-Free and rooted in purpose, aik is not just a product—it is a movement toward financial inclusivity, accessibility, and ethical banking.
"As Pakistan's first Islamic digital bank, aik reflects our mission of Saving Humanity from Riba in the digital age."
– Ashfaque Ahmed, Chief Officer.


BankIslami
SIGN UP
Login


جوش کا امتحان






aik
BankIslami

# پاکستان میں سب سے پہلے
# اسلامی ڈیجیٹل بینکنگ کا آغاز

ہم نے پاکستان کے پہلے اسلامی ڈیجیٹل بینکنگ کے تجربے Aik کے آغاز کے ساتھ۔
ایک تاریخی سنگ میل عبور کیا ہے۔ Aik (ایک)، جو اردو میں وحدت کا مطلب رکھتا ہے،
شرعی اقدار کو جدید ٹیکنالوجی کی سہولت سے جوڑتا ہے۔ یہ مکمل طور پر ڈیجیٹل حل
نہ صرف جنریشن Z، پیشہ ور افراد، اور خاندانوں کو اختیار فراہم کرتا ہے بلکہ آن لائن اکاؤنٹ
کھولنے، ادائیگیوں، منتقلی کی سہولیات، اور بہت کچھ پیش کرتا ہے۔
رباء سے پاک اور مقصد پر مبنی Aik محض ایک پروڈکٹ نہیں بلکہ مالیاتی شمولیت،
سہولت، اور اخلاقیات پر مبنی بینکاری کی جانب ایک پیش رفت ہے۔



”پاکستان کے پہلے اسلامی ڈیجیٹل بینک کے طور پر، AIK ہمارے اس مشن کی
عکاسی کرتا ہے کہ ہم ڈیجیٹل دور میں انسانیت کو سود (ربا) سے نجات دلائیں۔“

-اشفاق احمد، چیف آفیسر۔

# چیمپئنز لیگ 2025

## بینک اسلامی چیمپئنز لیگ۔
## آغاز ایک نئے مقابلے کا




ہم بینک اسلامی چیمپئنز لیگ کا آغاز کر رہے ہیں، سال بھر چلنے والا ایک سیلز مقابلہ جو پاکستان بھر میں ہماری قابل فخر برانچ بینکنگ ٹیموں کو مزید جوش و جذبے سے بھر دے گا۔

یہ کوئی عام چیلنج نہیں، بلکہ کشتی کے دنگل سے مشابہ ایک مقابلہ ہے جہاں کارکردگی دکھانے کے لیے تیار ہر ٹیم اکھاڑے میں قدم رکھتی ہے، اور ہدف پر نظریں جمائے آگے بڑھتی ہے۔
اس کا مقصد معیار بلند کرنا، تبدیلی قبول کرنا، اور محنت سے حاصل کی گئی ہر فتح کا جشن مل کر منانا ہے۔

کارکردگی کی ریئل ٹائم اپڈیٹس اور زبردست ٹیم چیلنجز کے ساتھ، چیمپئنز لیگ کا جوش کبھی کم نہیں ہوتا اور مقابلے کی شدت ہمیشہ عروج پر رہتی ہے۔ دبئی سے درآمد شدہ خصوصی ٹرافیاں
ان بہترین کارکردگی دکھانے والے افراد کا انتظار کر رہی ہیں جو واقعی چیمپئنز کہلانے کے حقدار ہیں، کیونکہ اصل چیمپئنز کو جگمگانے کا موقع ضرور ملنا چاہیے۔

بینک اسلامی چیمپئنز لیگ صرف ایک مقابلہ نہیں، بلکہ وقار، ٹیم ورک اور وقت پڑنے پر آگے بڑھ کر ذمہ داری اٹھانے کا معاملہ ہے۔
اکھاڑا تیار ہے، دل دھڑکنے لگا ہے، کیا آپ قوتِ بازو آزمانے کے لیے تیار ہیں؟







# بینک اسلامی

پرفارمنس ڈیش بورڈ

## چیمپئنز لیگ مارچ 2025

### BBHs رینکنگ













### GMs رینکنگ
















### AMs رینکنگ

| رینک | AM کا نام | علاقہ | حاصل کردہ% |
|---|---|---|---|
| 1 | مدثر مہر | کورنگی ایریا، کراچی | 124% |
| 2 | ظہیر احمد | ڈی ایچ اے ایریا، کراچی | 123% |
| 3 | راجا مبشر حسن | گلبرگ ایریا، اسلام آباد | 117% |
| 4 | جاوید انصاری | صدر ایریا، کراچی | 116% |
| 5 | اقبال ماوانی | کلفٹن ایریا، کراچی | 115% |

### BMs رینکنگ

| رینک | BM کا نام | برانچ کا نام | حاصل کردہ% |
|---|---|---|---|
| 1 | جہانزیب ارشد | کورنگی، کراچی | 163% |
| 2 | ہیثم شبیر اعوان | گلبرگ گرین، اسلام آباد | 160% |
| 3 | غضنفر عباس | پنڈی بھٹیاں، فیصل آباد | 157% |
| 4 | عامر علی سید | آئی آئی چندریگر برانچ، کراچی | 149% |
| 5 | جاوید علی | ڈیرہ مراد جمالی، بلوچستان | 148% |





## ساؤتھ
## گلیڈ ئیٹرز

ہم ساؤتھ گلیڈ ئیٹرز صرف بولتے نہیں، میدان مارلیتے ہیں، ہر مہینہ، ہر راؤنڈ میں ہم نے بتا دیا ہے کہ اصل باس کون ہے۔ نارتھ اور سینٹرل بس ہمارے پیچھے بھاگتے رہیں—فتح کا تاج ہمارے پاس ہے، اور ہم اسے چھوڑنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے۔ اگر تیار ہیں تو اکھاڑے میں اتریں، بس ہار مان لینے میں جلدی نہ کرنا۔





## شہزاداحمد خان
## BBH-نارتھ
## ٹائٹنز

دوسرے نمبر پر ہونا اذیت ناک ہے۔۔۔ مگر اب زیادہ دیر کی بات نہیں ہے۔ ہم ٹائٹنز جم کر لڑنا جانتے ہیں۔ ساؤتھ والو، تم ابھی بے شک آگے ہو، لیکن دباؤ تمہارے قدموں میں لرزش پیدا کر رہا ہے، ہم تم سے زیادہ پیچھے نہیں، یہ ہمیں معلوم ہے اور تم بھی جانتے ہو۔ ہم میں دم ہے، ہم اپنے ہنر کے ماہر ہیں، اور اگلی چال ہماری ہے۔ تم نے مرکزِ نگاہ ہونے کا لطف اٹھالیا، لیکن اگلی بازی ہماری ہے۔




## عاصم سلیم
## BBH-سینٹرل1
## واریئرز

جنگجو دعوے نہیں کیا کرتے، بلکہ کر کے دکھاتے ہیں--- ہماری مستقبل مزاجی ہماری طاقت ہے جو شہرت سے زیادہ خطرناک ہے۔ تیسری پوزیشن پر ہونے کا بس یہ مطلب ہے ہمیں ایک کی بجائے دو ٹیمیں گرانی ہیں۔ ہم انھیں زیر کرنے کے لیے تیار ہیں۔ دیکھیئے مقابلے کے اختتام پر کون میدان میں کھڑا رہتا ہے۔




## شعیب رضوان
## BBH-سینٹرل2
## کونکررز


درجہ بندی ہماری نظروں میں ہے۔ یہ سب ہماری آتشِ جوش کے لیے ایندھن کا کام کر رہی ہے۔ فاتحین تماشائی نہیں ہوتے۔
ہم میدان میں ہیں اور پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ اوپر والے تین اپنی مہلت کا لطف اٹھالیں۔
انہیں پتا بھی نہیں چلے گا کہ ہم نے کب انھیں میدان سے باہر کر دیا ہے۔ بالآخر چیمپئنز لیگ ہماری ہوگی!

# GENZ واٹس ایپ اکاؤنٹ اوپننگ

ڈیجیٹل سہولت کی جانب ایک بڑے قدم کے طور پر، ہم نے پہلی مرتبہ واٹس ایپ کے ذریعے اکاؤنٹ کھولنے کی سروس متعارف کرائی ہے، جو خاص طور پر جدید اور تیز رفتار جنریشن زی کے لیے تیار کی گئی ہے۔ اب صارفین صرف چند منٹوں میں واٹس ایپ کے ذریعے اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں، بینک اسلامی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں اور فوری طور پر ایک ورچوئل ڈیبٹ کارڈ ایکٹیویٹ کر کے لین دین کا آغاز کر سکتے ہیں۔

یہ آسان اور مکمل ڈیجیٹل عمل ہماری جدت پسندی اور ہر فرد تک رسائی کا عزمِ مسلسل ظاہر کرتا ہے، جو بینکنگ کو بالکل ایک پیغام بھیجنے جتنا آسان بنا دیتا ہے۔




# نئی موبائل ایپ

ہماری نئے ڈیزائن کردہ موبائل ایپ میں تیز لوڈنگ ٹائمز، آسان نیویگیشن، اور مزید طاقت ور حفاظتی فیچرز شامل ہیں، جو پہلے ہی

## 180,000+

صارفین کو ہموار تجربے کی طرف منتقل کر چکے ہیں۔

**Fast. Feature-Packed.**
**For Everyone.**

GET IT ON Google Play | Download on the App Store

**Download Now.**

# CCDM کے ذریعے چیک کیش کروانا

اب وقت اور جگہ کی پابندیوں کو خیر باد کہیں! پاکستان میں پہلی بار، بینک اسلامی نے کیش اینڈ چیک ڈپازٹ مشینز (CCDM) کے ذریعے چیک فوری کیش کرانے کی سہولت متعارف کرائی ہے۔ چاہے دن ہو یا رات، بینکنگ کے روایتی اوقات کی جھنجھٹ کے بغیر، آپ کسی بھی وقت اپنا چیک کیش کروا سکتے ہیں۔
یہ صرف بینکنگ نہیں، بلکہ آپ کے وقت اور سکون کا تحفظ ہے۔
جدید، محفوظ، اور سہولت سے بھرپور خدمات کی اس نئی جہت کے ساتھ، بینک اسلامی مسلسل آپ کی زندگی کو آسان بنا رہا ہے۔
آئیں، سہل اور مؤثر بینکنگ کے اس نئے دور کا حصہ بنیں!



اسکوپ

# شمولیت اور اثرات



# خواتین کے عالمی دن
## کا جشن



### خواتین ٹیم کے لیے خصوصی تحائف

خواتین کے دن کی مناسبت سے، بینک اسلامی نے اپنی 1100 سے زائد خواتین ملازمین کو خصوصی تحائف پیش کر کے ان کی خدمات کو سراہا۔




### مشعل سیونگ اکاؤنٹ۔روشنی کا راستہ

خواتین کے لیے بہتر مالی مستقبل کا عزم آگے بڑھاتے ہوئے، بینک اسلامی نے مشعل سیونگ اکاؤنٹ متعارف کرایا ہے، جو نہ صرف منافع کی پرکشش شرح فراہم کرتا ہے بلکہ ڈیبٹ کارڈ کے فوائد اور خواتین کی نو بڑی بیماریوں کے لیے مفت تکافل کوریج بھی فراہم کرتا ہے۔

### مثالی خواتین کی متاثر کن کہانیاں

بینک اسلامی کی اولین کوشش کے طور پر، ایچ آر اور Marcomm ٹیمز نے اپنی خواتین ملازمین کی ہمت، حوصلے اور قیادت کی متاثر کن کہانیاں اجاگر کیں، جو ہم سب کے لیے ایک تحریک ہیں۔




### ہر قدم اور ڈی ای آئی کی کاوشیں

ترقی کا سفر: 20 خواتین ملازمین کو مختلف شعبوں میں ترقیاتی مواقع فراہم کیے گئے۔

BankIslami MASHAL Women Banking

# مکمل طور پر خواتین کے زیرِ انتظام پہلی برانچ کا آغاز



بینک اسلامی نے خواتین کا عالمی دن یادگار بنانے کے لیے کراچی کے خیابانِ اتحاد میں اپنی پہلی مکمل خواتین کے زیرِ انتظام برانچ متعارف کروائی۔ یہ قدم اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم خواتین کو قیادت کے کرداروں میں مضبوط کرنے اور مالی شمولیت کے نئے راستے کھولنے کے لیے پُرعزم ہیں۔





# سنو پاکستان کی آواز۔

## مالی خواندگی کو مستحکم کرنے کے لئے آگاہی

نیشنل فنانشل لٹریسی پروگرام کی ٹریننگ کی افادیت کو جانچنے کے لیے کراچی، لاہوراوراسلام آباد میں 166افراد پر مشتمل ایک ای سروے کیا گیا، جس میں گھریلوخواتین ،طلباء، یومیہ اجرت پر کام کرنے والے افراد، اورتنخواہ دار پیشہ ورافرادشامل تھے۔اس سروے کے نتائج نے مستقبل کے مالی خواندگی پروگراموں میں بہتری لانے کے لیے قیمتی معلومات فراہم کیں۔



# کنیکٹ ہئیر


## کے ساتھ پنکٹوبر

سماجی خدمت کے تحت، بینک اسلامی نے کنیکٹ ہئیر کے تعاون سے پنکٹوبر سیشن کا انعقاد کیا، جس میں سماعت سے محروم 70 خواتین کو بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی۔ یہ اقدام سماجی ذمہ داری کے لیے ہمارے عزم کا عکاس ہے جس نے صنعت میں اور PWD کمیونٹی میں شاندار پذیرائی حاصل کی۔



# فلاحی فنڈ میں شراکت

بینک اسلامی نے تعلیم، صحت اور کمیونٹی کی ترقی پر مرکوز دو این جی اوز کو فلاحی فنڈ سے 1.6 ملین روپے فراہم کیے۔



# صنفی حساسیت ٹریننگ

## تعاون ADB-WFX

ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے ویمنز فنانس ایکسچینج (gWFX) کے اشتراک سے، بینک اسلامی نے صنفی حساسیت کی تربیت کے لیے چار فوکس گروپس اور پانچ منظّم انٹرویوز منعقد کیے۔ یہ تربیتی پروگرام خواتین صارفین اور WMSMEs کے لیے جامع خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ٹرین دی ٹرینرز ماڈل اور شریعت سے ہم آہنگ ای لرننگ ماڈیولز پر مشتمل ہے۔

# اسلامک بینکنگ آگاہی اجلاس

عوامی شعور بیدار کرنے کے لیے اٹک، کراچی، نوشہرہ، لاہور اور حیدر آباد میں شریعت سے ہم آہنگ بینکنگ کے اصولوں پر آگاہی سیشن منعقد کیے گئے۔







# مالیاتی آگاہی کی پاکستان بھر تک رسائی

بینک اسلامی، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے نیشنل فنانشل لٹریسی پروگرام کے شراکت دار کے طور پر، آٹھ شہروں میں 24 کلاس روم سیشنز اور 5 اسٹریٹ تھیٹرز منعقد کر چکا ہے، جن میں 950 سے زائد شرکاء کو بچت، بجٹنگ، اور اسلامی بینکنگ کے اصولوں کی بنیادی معلومات فراہم کی گئیں۔








# ثقافت اور تعلقات





























## کھوج ریزورٹ پر

# لیڈرشپ سمٹ

کھوج ریزورٹ میں تین دنوں کی اس خصوصی لیڈرشپ سمٹ نے بینک اسلامی کی اعلیٰ انتظامیہ کو ایک جگہ اکٹھا کیا، تاکہ حکمتِ عملی کے اہداف مربوط کیے جاسکیں، جدید طریقہ کار تلاش کیے جائیں، اور ٹیم ورک مزید مضبوط بنایا جاسکے۔

متاثر کن تقاریر، عملی ٹیم چیلنجز اور توانائی بخش ورکشاپس کے ذریعے اس سمٹ کا مقصد قیادت کے اثرات مزید واضح کرنا، حکمتِ عملی میں ہم آہنگی پیدا کرنا، اور پیش رفت کے لیے ایک نیا جذبہ پیدا کرنا تھا۔

سوچنے پر اُکسانی گفتگو اور تخلیقی گروپ سیشنز نے لیڈرشپ ٹیم کو موقع دیا کہ وہ بینک اسلامی کا ترقی اور مشن سے جڑا بینکاری کا وژن اجتماعی طور پر آگے بڑھانے کے نئے طریقے تلاش کریں۔

کھوج لیڈرشپ سمٹ نے قیادت میں شفافیت، جدت اور دیانت کے عزم کو دوبارہ تقویت دی، جو ہمارے ہم آہنگی، حکمتِ عملی اور کامیابی کے جذبے کا عکاس ہے۔








# کھیل اور بینکنگ ساتھ ساتھ -
# پاکستان میں کرکٹ کی تھیم پر پہلی برانچ


بینک اسلامی نے پاکستان میں کرکٹ کی تھیم پر پہلی برانچ کا آغاز گلستانِ جوہر کراچی میں کیا، اس برانچ کے افتتاح کی تقریب میں نامور کھلاڑیوں نے شرکت کی اور وہاں پر موجود بینک اسلامی کے کسٹمرز سے گفتگو کی۔ یہ منفرد اقدام بینکنگ کو ایک دلکش پہلو سے جوڑتا ہے۔







# انعامات و اعترافات




## بہترین ڈومیسٹک ٹریڈ فنانس بینک -
## ایشین بینکنگ اینڈ فنانس ایوارڈز 2024

ہم نے ایشین بینکنگ اینڈ فنانس (ABF) یوارڈز میں 'پاکستان ڈومیسٹک ٹریڈ فنانس بینک آف دی ایئر' 2024 کا ایوارڈ جیتا جو بینک کو ایک نجی شعبے کی گیس ڈسٹری بیوشن کمپنی کے لیے ایک ارب روپے کی سنڈیکیٹ گارنٹی ٹرانزیکشن کے لیے مینڈیٹڈ لیڈ ایڈوائزر اور ارینجر کے طور پر خدمات انجام دینے پر دیا گیا، جس کا مقصد پاکستان کے گیس سیکٹر میں پہلا B2B ٹرانزیکشن ممکن بنانا تھا۔

## بیسٹ اسلامک ٹرسٹی -
## اسلامک فنانس نیوز ایوارڈز بیسٹ بینکس پول

ہماری کمپنی کو اسلامک فنانس نیوز ایوارڈز بیسٹ بینکس پول 2024 میں 'بیسٹ اسلامک ٹرسٹی' کے اعزاز سے نوازا گیا، جو شریعت کے مطابق امانتی خدمات میں ہماری برتری کا منہ بولتا ثبوت ہے۔




## واٹر ڈیل آف دی ایئر 2024 -
## ٹرپل اے سسٹین ایبل انفراسٹرکچر ایوارڈز

ٹرپل-اے سسٹین ایبل انفراسٹرکچر ایوارڈز 2024 میں 'واٹر ڈیل آف دی ایئر' کا اعزاز بینک اسلامی نے اِنرجی ٹیک واٹر (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے لیے 51.50 ارب روپے کی اسلامی پراجیکٹ فنانسنگ فیسیلیٹی میں بطور مینڈیٹڈ لیڈ ایڈوائزر اور ایرینجر اپنے کلیدی کردار ادا کرنے پر حاصل کیا۔ یہ تھر، سندھ میں صنعتی پانی کی فراہمی کے لیے عوامی-نجی شراکت (PPP) کے تحت سب سے بڑی فنانسنگ اسکیموں میں سے ایک ہے۔

# تعلیم و تربیت





## رمضان کے روحانی لمحات میں اسلامی بینکنگ سے آگاہی اور ٹریننگ

بینک اسلامی نے دورِ رمضان ریفلیکشنز سیشنز کا انعقاد کیا، جن میں 200 سے زائد شرکاء نے حصہ لیا۔ اس کے علاوہ، ایک بنیادی اسلامی بینکنگ سیشن اور JS بینک کی قیادت کے لیے اسلامی بینکنگ کی تربیت فراہم کی گئی۔ یہ اقدامات مالی تعلیم کے فروغ اور صنعت کے ساتھ تعاون کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔



## خواتین عملے کے ساتھ CEO کا مکالمہ

ایک متاثر کن اجلاس میں، بینک اسلامی کے CEO نے 26 خواتین ملازمین کے ساتھ ان کے تجربات پر گفتگو کی۔ انہوں نے HerQadam مہم کی خلوصِ دل سے تعریف کی اور اپنی خواتین عملے کی شاندار لگن کو سراہا، جو اپنی پیشہ وارانہ اور ذاتی زندگی کامیابی سے متوازن رکھنے میں قابلِ تقلید ہیں۔

یہ مکالمہ بینک اسلامی کے خواتین کو بااختیار بنانے اور ایک شمولیتی ماحول کی تشکیل کا عزم اجاگر کرتا ہے۔

# ملازمتوں کے سنگِ میل

770 نئی بھرتیاں
(474 مستقل ملازمین)

154 اندرونی ترقیوں کے مواقع فراہم کیے گئے

59 GTO بھرتیاں
(18 خواتین)

12 جاب فیئرز کا انعقاد ملک کے نامور اداروں میں، جن میں LUMS, NUST, IBA, SZABIST اور دیگر شامل ہیں۔

# ترقیاں اور اعزازات

2024 میں بینک اسلامی نے اہم پیش رفت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی بنیاد مضبوط کی، دائرہ کار کو وسعت دی، اور متاثر کن نتائج حاصل کیے۔ 2025 کی پہلی سہ ماہی میں، کمپنی نے 6,334 ملازمین کا جائزہ لیا اور بینک کی تاریخ میں مارکیٹ کی اوسط تنخواہوں میں سب سے بڑے اضافے کا اعلان کیا۔

سالانہ اضافے کے ساتھ، ملازمین کو کارکردگی پر مبنی بونس، تنخواہوں میں ترمیم، کم از کم تنخواہوں کا جائزہ، اور گارنٹی شدہ کم از کم اضافے دیے گئے۔ 400 سے زائد ساتھیوں کو ترقی دی گئی، اور کیریئر کی ترقی کو فروغ دینے کے لیے ایک نیا گریڈنگ ڈھانچہ متعارف کرایا گیا۔

## ملازمین کو بااختیار بنانے کا عزم

HR کے کئی اہم اقدامات اور الاؤنسز میں ترامیم بھی 2025 کی پہلی سہ ماہی میں کی گئیں۔ ہم انتظامیہ کا خلوصِ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں، جن کی دور اندیش قیادت، ملازمین کے بااختیار بنانے کے مضبوط عزم، کیریئر کی بلندیوں تک راہنمائی، اور قدردانی کی والہانہ روایت نے ہمارے ادارے میں نئی روح پھونک دی ہے۔

## بینک اسلامی میں شاندار انعامات اور تنخواہوں میں اضافہ

**پرفارمنس بونس:**
ملازمین کارکردگی کے بونس ملٹیپلائر گرڈ کے مطابق اپنی کارکردگی کی بنیاد پر 3.75 گنا تک بونس حاصل کر سکتے ہیں۔

**تنخواہوں میں اضافہ:**
اہل ملازمین کو میرٹ انکریمنٹس دی گئی، جو 25% تک ان کی کارکردگی کی درجہ بندی پر مبنی ہے۔

**نظرثانی شدہ تنخواہ کا ڈھانچہ:**
ہم نے تنخواہ کے ڈھانچے کو آسان بنایا تاکہ ٹیکس کی بچت میں بہتری آئے اور نیٹ تنخواہ (take-home pay) میں اضافہ ہو۔

**گارنٹی شدہ کم از کم اضافہ:**
جن ملازمین کی کارکردگی "توقعات پر پوری اترتی ہے" "(Meets Expectations)" کی درجہ بندی میں آتی ہے، انہیں کم از کم 7,500 روپے کا اضافہ ضرور دیا جائے گا، اور ان کی تنخواہوں کی سطحیں مسابقتی رہنے کے لیے اپڈیٹڈ ہوں گی۔

اسکوپ

# کاروبار اور جدت







# iMAL R14
# کور بینکنگ اپ گریڈ

iMAL R14 اپ گریڈ نے ٹیکنالوجی کے میدان میں ایک بڑا سنگِ میل عبور کیا۔ کسٹمر سروسز مینجمنٹ اور تجارتی مالیات کے ماڈیولز میں بہتری کے ساتھ، اس اپ گریڈ نے پروسیسنگ کی رفتار میں اضافہ، RAAST جیسے بیرونی پلیٹ فارمز کے ساتھ انضمام، اور پائیدار ترقی کے لیے بینک کی پوزیشن مضبوط کی۔








# ہول سیل اور انویسٹمنٹ بینکنگ
## ترقی، جدت، اور خدمات کی فراہمی

- 15 نئے کارپوریٹ کلائنٹس کو شامل کیا گیا۔
- EB2600 اکاؤنٹس کھولے گئے۔
- غنی گروپ کو ڈسٹری بیوٹر فنانسنگ کے ذریعے مالی معاونت فراہم کی گئی۔
- 4.3 ارب روپے مالیت کے صکوک معاہدے مکمل کیے گئے۔
- API انضمام اور ڈیجیٹل کیش مینجمنٹ کے لیے 151 ایم او یوز پر دستخط کیے گئے۔




## ترقی میں اضافہ مقصد کے ساتھ۔
# پہلی سہ ماہی میں تجارتی خدمات کی جھلکیاں

SMEs، زراعت، اور شریعت کے اصولوں پر مبنی حل کے لیے نمایاں پیش رفت کرتے ہوئے بینک اسلامی نے 2025 کی پہلی سہ ماہی میں مالیاتی خدمات کے میدان میں قابل ذکر کامیابیاں حاصل کیں، جن میں شامل ہیں:

- **21+** سے زائد SME مالیاتی ٹرانزیکشنز بینک کے نئے کلائنٹس کے لیے۔
- **09+** سے زائد زرعی مالیاتی ٹرانزیکشنز۔
- **19+** سے زائد جاری مشارکہ۔
- **11+** جاری مشارکہ فنانسنگز کی تجدید۔

# کارڈ پروسیسنگ میں زبردست ترقی

کنزیومر اینڈ کراس سیلز ٹیم نے کارڈ پروسیسنگ خدمات کے شعبے میں غیر معمولی توسیع ممکن بنائی ہے۔ ان کی حکمت عملی کے شاندار نتائج حاصل ہوئے، کارڈ درخواست دینے کے عمل میں گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں

**17.5%**

اضافہ ہوا، اور 2025 کی پہلی سہ ماہی میں مجموعی طور پر

**48,072**

درخواستیں موصول ہوئیں۔



# ریکارڈ اے ٹی ایم ٹرانزیکشنز اور عید پر بلاتعطل خدمات

مارچ میں اے ٹی ایم سے روزانہ

**100,000+**

سے زائد مرتبہ رقم نکلوانے کا ریکارڈ قائم کیا گیا، اور عید کے دوران اے ٹی ایمز اور ڈیجیٹل چینلز پر تقریباً **100%** تسلسل کے ساتھ بینکنگ کی سہولت فراہم کی گئی۔

## نیا سنگ میل!

بینک اسلامی نے مارچ میں

**20 لاکھ**

سے زائد اے ٹی ایم ٹرانزیکشنز کر کے ایک تاریخ رقم کی۔



# کھوج کنونشن
## ویلتھ مینجمنٹ سنگِ میل

بینک اسلامی کی ویلتھ مینجمنٹ ٹیم نے کھوج کنونشن میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنا ہدف نہ صرف پورا کیا بلکہ توقعات سے کہیں زیادہ اپنے ہدف کا 195% حاصل کیا۔ گلگت بلتستان کنونشن میں ایک تاریخی لمحے کو مزید خاص بنایا گیا، جہاں سرٹیفکیٹ ڈسٹری بیوشن تقریب منعقد ہوئی۔ یہ تقریب نہ صرف کامیابیوں کا اعتراف تھا بلکہ اہم تعلقات مستحکم کرنے کی جانب ایک اہم قدم بھی تھا۔





# CA ڈپازٹ مہم
## 2025 کی پہلی سہ ماہی

بینک اسلامی کی پہلی سہ ماہی کی مہم نے حیرت انگیز نتائج حاصل کیے، جس میں 26 ارب روپے کے اوسط ڈپازٹس اور مجموعی ڈپازٹس میں 20 ارب روپے کا اضافہ ہوا۔

27 مارچ تک، اس مہم کے تحت 45 شاخیں کوالیفائی کر چکی تھیں، جو ٹیم کی موثر حکمتِ عملی اور زبردست کارکردگی کی عکاسی کرتی ہیں۔



# ڈیسیبل لانچ

ڈیسیبل، بینک اسلامی کا نیا ٹول، HR خدمات بہتر بنانے کے لیے متعارف کرایا گیا ہے۔ اس ٹول کے ذریعے ملازمین کی مشغولیت، کارکردگی کی نگرانی، اور فیڈ بیک مینجمنٹ کو موثر طریقے سے سنبھالا جا سکے گا، جس سے انتظامیہ اور عملے کے درمیان تعاون کو بہتر بنایا جا سکے گا۔



# SWAPS پائلٹ لانچ

Synchronised Withholding Administration and Payment System (SWAPS)

کا کامیابی سے پائلٹ کیا گیا، جو ایک اہم ریگولیٹری اقدام تھا اور قومی سطح پر اثرات مرتب کرنے والا ہے۔ وفاقی بورڈ آف ریونیو، پاکستان ریونیو آٹومیشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ، اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اس کامیابی کی تعریف کی، جس سے حکمت عملی پر مبنی مطابقت اور جدت کے لیے بینک کا عزم اجاگر ہوتا ہے۔

# EFU ویلتھ مینجمنٹ پروڈکٹ لانچز







ہماری ویلتھ مینجمنٹ ٹیم نے EFU کے اشتراک سے تکافل پر مبنی دو موثر پیشکشیں کامیابی سے متعارف کروائی ہیں: تکافل ایکسلریٹڈ سیونگ پلان اور تکافل اسپریچول جرنی پلان۔ شریعت کے اصولوں سے ہم آہنگ یہ مالیاتی حل نہ صرف طویل مدتی بچت کے لیے معاون ہیں بلکہ روحانی طور پر ہم آہنگ مالیاتی مقاصد حاصل کرنے میں بھی مدد فراہم کرتے ہیں، جس سے صارفین کو ذہنی سکون اور مالی نظم و ضبط کا یقین حاصل ہوتا ہے۔



# RAAST OTC خدمات کا آغاز

بینک اسلامی نے RAAST کے ذریعے مالیاتی اداروں میں رقم کی باہمی منتقلی کی خدمات اپنی تمام شاخوں میں فعال کیں، جو آف لائن صارفین کے لیے مالیاتی رسائی میں بہتری کی عکاسی کرتی ہیں۔




# گوگل ورک اسپیس مائیگریشن

1400 سے زائد صارفین کو شامل کرتے ہوئے، گوگل ورک اسپیس نے ادارے میں تعاون، پیداواریت، اور سیکیورٹی مزید مستحکم کی۔


# اسلامک سیکیورڈ پرسنل فنانس

بینک اسلامی نے شریعت کے اصولوں پر مبنی فنانسنگ میں ایک اور انقلابی قدم اٹھایا ہے۔ اسلامک سیکیورڈ پرسنل فنانس کے ذریعے صارفین کو گاڑیوں کے ساتھ اب سولر انرجی کے حل کے لیے بھی فنانسنگ کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ یہ منفرد پروڈکٹ ان صارفین کے لیے مواقع پیدا کرتی ہے جو ذمہ داری، پائیداری اور اسلامی بینکنگ کے دائرے میں رہتے ہوئے سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں۔

چاہے آپ اپنی گاڑی کا خواب پورا کرنا چاہتے ہوں یا سولر انرجی کے استعمال کی طرف قدم بڑھانا چاہتے ہوں، یہ پیشکش آپ کے خوابوں کو قابل رسائی بناتی ہے۔


# اسکوپ

## مارکیٹنگ میں نئے اقدامات
















# بینک اسلامی فیملی
# 10 لاکھ
# سے زائد فالوورز

میٹا پلیٹ فارمز پر 10 لاکھ فالوورز کا سنگِ میل عبور کرنا ہماری ڈیجیٹل ترقی کے سفر میں ایک قابلِ قدر پیش رفت ہے۔




# چیمپئنز ٹرافی مہم
# اور اسٹارٹ اپ پاکستان

کرکٹ سیزن کے دوران، اسٹارٹ اپ پاکستان کے ساتھ ہماری شراکت کا نتیجہ 478 برانڈڈ پوسٹس، 500 سے زائد ریچ اور 1.6 ملین سے زائد انگیجمنٹس کی صورت میں سامنے آیا۔











# شمولیت مہم 2.0

رمضان کا بابرکت موقع ہم نے اسلام کی بنیادی اقدار اجاگر کرنے اور ان کی ترویج کے لیے استعمال کیا۔


مہم کے اہم اثرات:

ریچ:
10 ملین سے زائد

انگیجمنٹس:
41 ہزار سے زائد

ویوز:
4.4 ملین سے زائد

یہ نتائج وہ مضبوط تعلق ظاہر کرتے ہیں جو ہم نے اپنی کمیونٹی کے ساتھ استوار کیا ہے، اور ہم مشترکہ اقدار اور بامعنی روابط کا یہ سفر جاری رکھنے کے لیے پُرعزم ہیں۔




**BankIslami**